RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۵	روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ نومبر ۱۸۹۰ء مطابق ۲۶ ربیع الاول ۱۳۰۸ھ	جلد ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	احکام اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی	
۱	تعیین زمانہ کمیٹی درخواستہائے پنشن۔	۲
	حکم جوڈیشل ممبر بہادر	
۲	اضافہ سید احمد حسین پیشکار سررشتہ تعلیم۔	۲
	روبکارات وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۳	دربارہ اطلاع عدم پولیس محکمہ جرنیلی تا احکام نسبت ملازمان بہ ناظر اجلاس۔	۲
۴	حکم قید اکبر علی ولد علی بہادر خان۔	۳
	روبکارات جوڈیشل ممبر بہادر	
۵	متعلق گوشوارہ مریضان ماہ ستمبر ۱۸۹۰ء۔	۳
	گوشوارہ مریضان۔	۴
۶	دربارہ اپیل عدم سماعت دعوے بابت مطالبہ دکھنولہ مستاجری بعد انقضائے مدت اشتہار۔	۵
	روبکارات ریونیو ممبر بہادر	
۷	دربارہ جھٹ مویشیان در بازار۔	۵
۸	طیاری فہرست باقیات ذیلی رجسٹر دکر۔	۶
۹	دربارہ طیاری چاہ در موضع جھیجوری معرفت اللہ یار خان مستاجر	۶
۱۰	دربارہ خشت چاہ و طیاری چاہات۔	۷
۱۱	دربارہ اعانت ملازمین پیمائش۔	۷
۱۲	دربارہ سیاہہ کردن نمبر درختان نیلامی وغیرہ متعلقہ تحصیل حکم بعد جیسیان ہونے کے نہ رہنا جایا کرے۔	۸
۱۳	نقشہ حیات و ممات۔	۸
۱۴	نرخنامہ اجناس۔	۹
۱۵	اعلان دربارہ نیلام دیہات مستاجری و میلہ بے نظیر۔	۹

حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

۱۴ اکتوبر سنہ ۹۱ء ضمن مثل حالات تجویز پنشن ملازمان خرچ صاحب
ریونیو ممبر بہادر سے تحریک فرمائی کہ پنشن درخواست کنندگان پنشن کیواسطے
کوئی زمانہ معین کردیا جاوے تاکہ اوسی زمانہ میں ایسی درخواستہائے
پیش ہوا کریں اور بجٹ میں پورے اندازہ سے رقم درج کیجایا کرے
اور کمی واقع ہوا کرے۔ بعد بحث ممبران کونسل سے تجویز کیگئی کہ آیندہ
جو ملازم قابل پنشن ہوں اونکی درخواستہائے ماہ جون۔ جولائی گست
قبل از تیاری بجٹ پیش ہوکر روانگی بجٹ سے پہلے پنشن منظور ہوجایا کرے
تاکہ بجٹ میں اوسی اندازہ مصارف کے اعتبار سے رقم درج ہوا کرے
اور خلاف اوقات بجز صورت خاص واتفاقی کے کبھی درخواستہائے
نہ لیجایا کریں صاحب پریزیڈنٹ بہادر نے بھی منظور فرمایا
اجلاس ممبران کونسل سے جملہ صیغہ داران ماتحت کو اسکی اطلاع دیجاوے
تاکہ آیندہ مطابق اسکے تعمیل ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

حکم ہوا کہ

نقل رویداد کونسل گزٹ میں چھاپ دیجاوے اور داخل دفتر ہو۔

۱۴ نومبر سنہ ۹۱ء [illegible]

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر
اضافہ

۴ نومبر سنہ ۹۱ء آج روبکار صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم دربارہ
اضافہ سید احمد حسین پیشکار شامل اجلاس کامل پیش ہوکر معلوم
ہوا کہ اوسوقت سے اجلاس موصوف نے اضافہ تنخواہ منظور نہیں
کیا تھا اگرچہ وہ بہ ادا [illegible] اور حالت پسندیدگی کارگزاری عمدگی
بہم پہنچ گئی اور جسقدر رپورٹ بھیجی گیا صاحب ڈائرکٹر بہادر کو از حد
رضامندی ہوئی۔ اور اوہوں نے بکمال اصرار اونکی ترقی چاہی
اور ہماری راے میں بھی احمد حسین پیشکار تعلیمات کی جفاکشی اور
لیاقت و نیک چلنی کے مقابلہ میں موجودہ تنخواہ بہت کم ہے لہذا
بالفعل شروع سال یکم اکتوبر سنہ حال سے پانچ روپیہ کا اضافہ
منظور کیا جاتا ہے واحکام ضابطہ جاری ہوں فقط

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
واقع یکم نومبر سنہ ۱۸۹۱ء

رجسٹر ملازمان و پارشٹ وائس پریزیڈنسی نائب بخشی فوج بابت ماہ
اکتوبر سنہ ۹۱ء میں جسقدر ملازم جتنی تنخواہ کے ہوئے ہیں درج
رجسٹر ہونگے۔ بعد اکتوبر کے جو احکام تغیر تبدل بحالی موقوفی
متعلق ملازمان جاری ہوں اوس حکم کا خلاصہ ناظر اجلاس رجسٹر ملازمان
میں درج ہوا کرے نام اوس شخص کے جسکے واسطے وہ حکم جاری ہوا ہو لکھدیا کرینگے
اسطرح اضافات اکتوبر آیندہ عملدرآمد رہیگا۔ اس رجسٹر میں سپاہیونکی
تفصیل نہوگی مجموعی طور پر لکھی جائیگی۔ نام افسران واہلکاران
تصریح کے ساتھہ جو لکھے جائینگے اونکی بابت اسقدر تفصیل ضرور ہے
کہ اونکے نام کے مقابل خانہ کیفیت میں نوٹس پہنچنے تک خلاصہ
احکام لکھے جاینگے۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس و محکمہ جرنیلی کو اطلاع دیجاوے
کہ جو احکام نسبت ملازمان از افسر اعلے تا ادنی جاری ہوں اونکی
اطلاع ناظر اجلاس وائس پریزیڈنسی کو بغرض عملدرآمد رجسٹر ملازمان دیدیا
کریں کوئی حکم اس قسم کا بغیر از اطلاع ناظر اجلاس جاری نہو۔

حکم ہوا کہ

خلاصہ اس روبکار کا درج گزٹ ہو اور ایک نقل اس روبکار کی پاس بخشی فوج و سپرنٹنڈنٹ پولیس و محکمہ جوڈیشل ممبر مرسل ہو۔ ناظر اجلاس مطلع ہوں۔

خلاصہ حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

سرکار دولتمدار مدعی۔ بنام علی بہادر خان تھانہ دار سابق و اکبر علی جمعدار

الزام دفعہ ۱۳ دستور العمل پولیس ریاست رامپور۔

جبکہ سپرنٹنڈنٹ پولیس پر بمقام مونڈھا چند بدمعاشوں نے حملہ کیا تھا۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس نے بڑی دلیری اور شجاعت کو دخل دیا۔ اور ان لوگوں نے بجا اعانت انکی نہ کی مجسٹریٹ ریاست نے بہ ثبوت جرم تجویز کیا کہ علی بہادر خان تھانہ دار سابق بمنشاے دفعہ ۱۳ دستور العمل پولیس دو ماہ قید محض بلا جرمانہ اور اکبر علی تین ماہ قید سخت رہے لہذا تجویز منظور ہے علی بہادر خان و اکبر علی کا نام ملازمان سے خارج کیا جاوے۔ خلاصہ مندرج گزٹ ہو۔

۲۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

جلد ۲

روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر

واقع ۲۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

ملاحظہ گوشوارہ مریضان و اموات شہر بابت ماہ ستمبر ۱۹۰۹ء

آج صاحب اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر نے گوشوارہ معروضہ صدر حسب معمول پیش کیا جسکے ملاحظہ سے واضح ہو کہ مریضان جدید کی تعداد (۱۱۰ مریضان) ہے جسکا اوسط فی ہزار آبادی شہر پر (۱۹.۱۲۶) ہوتا ہے

حکم ہوا کہ

ایک نقل اسکی مع گوشوارہ بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو فقط

جلد ۲

نقشہ مریضان دوا یافتہ شفاخانجات شہر ریوا بابت ماہ ستمبر سنہ ۱۸۹۱ ع

نمبر شمار	نام شفاخانہ	مریضان جدید			مریضان قدیم			میزان کل مریضان			کیفیت			
		[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳		
۱	صدر شفاخانہ انگریزی مستقل	۱۳۱۸	۲۹۹۵	۴۳۱۳	۷۵	۲۰۳	۲۷۸	۱۳۹۳	۳۱۹۸	۴۵۹۱	۶	۱۲	۸۴۵	۳۷۲۸
۲	شفاخانہ انگریزی برج وینیسری مستقل	۴۶۲	۱۸۹۷	۲۳۵۹	۲۸	۸۴	۱۱۲	۴۹۰	۱۹۸۱	۲۴۷۱	۴	۸	۲۸۱	۲۱۷۸
۳	شفاخانہ انگریزی برج وینیسری عارضی	۱۰۱	۱۹۰۰	۲۰۰۱	۶	۷۵	۸۱	۱۰۷	۱۹۷۵	۲۰۸۲	۰	۳۰	۵۲	۱۹۹۹
۴	صدر شفاخانہ یونانی مستقل	۴۳۰	۳۶۴۸	۴۰۷۸	۲۲	۲۴۹	۲۷۱	۴۵۲	۳۸۹۷	۴۳۴۹	۷	۵۳	۶۱۹	۳۶۷۰
۵	شفاخانہ یونانی برج وینیسری مستقل	۱۰۱	۹۹۷	۱۰۹۸	۸	۵۴	۶۲	۱۰۹	۱۰۵۱	۱۱۶۰	۳	۰	۱۰۳	۱۰۵۴
	شفاخانہ یونانی برج وینیسری عارضی	۷۰	۶۷۹	۷۴۹	۸	۴۲	۵۰	۷۸	۷۲۱	۷۹۹	۰	۲۱	۳۸۴	۳۹۴
میزان		۲۴۸۲	۱۲۱۱۶	۱۴۵۹۸	۱۴۷	۷۰۷	۸۵۴	۲۶۲۹	۱۲۸۲۳	۱۵۴۵۲	۲۰	۱۲۴	۲۲۸۴	۱۳۰۲۴

روبکار اجلاس ایضاً واقع یکم نومبر سنہ ۱۸۹۰ء

بسلسلہ اجلاس کامل سے طے ہوگیا کہ مقدمات یکطرفہ کی نسبت اپیل ہوا کرے مگر بوقت اجرائے فیصلہ یکطرفہ فریق ناراض کو یہ چارہ کار ہونا چاہیے کہ وہ عدالت فیصلہ کنندہ میں بابت باز نمبر سابق قائم ہونے کی درخواست کرے اگر عدالت ابتدائی اوس درخواست کو منظور یا نامنظور کرے تو فریق ناراض کو بنا راضی حکم عدالت ابتدائی میں حق اپیل حاصل ہوگا۔ لہذا آیندہ سے حسب صراحت بالا کارروائی ہونا چاہیے لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض تعمیل و اطلاع عام نقل روبکار ہذا بنا بر اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور ایک نقل شامل فائل سرکلر ہے اور اصل داخل دفتر ہووے

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۴ نومبر سنہ ۱۸۹۰ء

قدیم سے دستور ریاست کا یہ ہے کہ جو جائداد کفالت مستاجری یا سرکاری میں مستغرق ہونے کے بعد جبکہ اشتہارات ضابطہ بھی جاری ہو جائیں تو پھر بعد انقضائے میعاد اشتہارات ضابطہ اوسکی نسبت عذرداری کسی کی بار جارع دعوی عدالت دیوانی وغیرہ میں قابل سماعت نہیں ہوتی ہے لہذا حسب اتفاق آرائے معزز ممبران کونسل قدیمی قاعدہ کا برتاؤ مناسب ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

جملہ حکام اس قدیمی برتاؤ سے مطلع ہو کر اوسی کے موافق کارروائی عمل میں لاویں ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہونے کے واسطے مطبع کو بھیجی جاوے اور دوسری شامل فائل سرکلر ہے اصل داخل دفتر ہووے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر واقع ۲۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

رپورٹ تحصیلدار بلاسپور مشعر اسکے کہ تحصیل ہذا میں یہ طریقہ جاری ہے کہ جو شخص کوئی درخواست نیلام مویشی خود خریدہ داخل گذرانتا ہے اوسپر حکم نیلام مویشی لکھا جاتا ہے لیکن کوئی [illegible] وغیرہ جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ فلاں مویشی فلاں تاریخ نیلام بازر کیشن بھی سیاہہ سرکار ہوا یا نہیں۔ اور زر یافتنی مالک مویشی نے پالیا یا کیا اور نیز دیگر خرابیوں کی موصول ملاحظہ لہذا آیندہ سے اس کارروائی کو بند کرنا چاہیے۔ سرکاری اہتمام سے نیلام ہووے۔ ہر شخص کو چاہیے کہ اپنے مویشی جسکو وہ فروخت کرنا چاہتا ہے پینٹھ اور بازار میں لیجاوے۔

لہذا حکم ہوا کہ

دیگر تحصیلات کیواسطے بھی روبکار ہذا عام طور پر اس کارروائی کے انسداد کیواسطے درج گزٹ کیا جاوے۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۳۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

آج کاغذات سبیل بابت دگی رامپور بکرو وغیرہ پیش ہو کر صاف ظاہر ہے کہ یہ لوگ ایام گزاری کرتے ہیں اور اب گاؤں میں کبھی غیر حاضر ہو گئے۔ جائداد منقولہ وغیرہ سے بھی کچھ سبیل ممکن نہیں ہو اس سبب سے ضرور ہو کہ جن دیہات میں سے بھی باقی پڑی ہو وہ کل یا جزو واسطے اس معاملہ کے نیلام کی جاویں معرفت رسالدار صدر کے اور واصلباقی نویس صدر صحیح فہرست اس باقی کی مرتب کریں جس قدر جائداد سرکاری باقی کے لائق ہو اور اسکا نیلام رسالدار صدر بتاریخ ۲۰ر نومبر کو بمقام صدر بجلاس عام حسب ضابطہ کریں اور مضمون اس روبکار کا درج گزٹ بھی ہو۔ اور اشتہارات پاس تحصیلدار اور جائداد پر آویزاں کرنیکو بھیجدیں خوب اچھی طرح سے اعلان کر دیا جاوے۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۳۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

موضع بھوری پرگنہ حضور تحصیل کی آبادی دریائے کوسی سے گذشتہ برسات میں کٹ گئی پھر آگ لگ گئی اور سب گھر جل گئے اسلیے اب آبادی دوسری جگہہ دریا سے فاصلہ پر مستاجر نے تجویز کی ہے یہ جگہہ عمدہ نہیں ہے اور نہ بضرورت دریا سے بہت دور ہے۔ انور علیخان پیشکار کی سہی غلطی ہے کہ خود موقع نہیں دیکھا لیکن بہرحال اب بہت سے گھر بن گئے اب کیا ہو سکتا ہے مزارعان سب فریادی ہیں کہ یہاں پانی کی بہت تکلیف ہو گی اس لیے ہمارے یہاں ایک چاہ پختہ جو اندازاً بصرفت ماصہ تیار ہو گا بنانا بہتر ہے اس کام کے لیے الہ یار خان مستاجر موضع سعید نگر بجبر نے وعدہ کیا ہے ہم انکو آخر پر بطور اجرت نگرانی کے عمدہ وعدہ دینگے۔

حکم ہوا کہ

بالفعل مبلغ [illegible] از مزروعات سے علی الحساب الہ یار خان کو باجرائے پروانہ موسومہ دیوان صدر معہ آبادی علاقہ سے دیدیا جاوے اور پروانہ بنام الہ یار خان جاری ہو کہ اندر دو ماہ کے چاہ پختہ عمدہ بکفایت موقع مجوزہ جارہے پر تیار کرا دیں اور تحصیلدار بحال ایک دو مرتبہ اثنا سے تیاری چاہ میں اسکی دیکھ بھال کرتے رہیں۔ روبکار درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع یکم نومبر سنہ ۱۹۰۹ء

کونسل آف ریجنسی کا ارادہ ہے کہ سال حال میں دس بارہ چاہ پختہ واسطے ترقی آبپاشی و آسودگی رعایا کے دیہات میں تیار کرائے جاویں۔ قطر چاہ کا اندر اندر چار فٹ ہو گا اور دیوار کی چوڑائی ڈیڑھ فٹ سے کم نہو مگر منظور یہ ہے کہ تیاری چاہات میں اینٹ یا چونہ معمولی ابھی مستعمل نہ کیا جاوے بلکہ چاہ کے اندر کے حساب سے اینٹ اندرونی جانب سے تنگ اور بیرونی جانب کشادہ ہو تاکہ جو اینٹ کا برابر جمل ہو جاوے یعنی گولائی چاہ کی چند ٹکڑے مناسب کرکے اوس مقدار سے اینٹ بنائی جاوے تاکہ وہ ٹکڑہ ملکر ایک دائرہ چار فٹ قطر ۱/۲ فٹ جوڑا ہو جاوے ایسی اینٹ میں مصالح کم خرچ ہو گا اور مضبوطی زیادہ ہو گی گرہائی اینٹ کی کفایت ہو گی اور کنواں بھی عمدہ تیار ہو گا [illegible] گلا یا جاوے کہ دو مٹر کو پانی بخوبی دیسکے اول ایک کنواں فارم سرکاری میں اور ایک گنیش گھاٹ پر قریب سینٹرل جیل تعمیر کیا جاوے بعد پسند اور درستی نمونہ کے ہم فہرست دیہات کی جہاں جہاں

چاہات حوالہ منظور ہیں بمشورہ صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے تلاوینگے ۔ تیاری ان چاہات کی ٹھیکہ پر چاہئے ہیں جس شخص کو ٹھیکہ لینا منظور ہو وہ ہمارے اجلاس میں درخواست ٹھیکہ کی بمقدار لاگت دیوے ہم اوسپر غور کرینگے یہ منظور نہیں ہی کہ ٹھیکہ کی وجہ سے کام کی عمدگی اور مضبوطی کا خیال نہ کیا جاوے خواہ مخواہ کم سے کم کی درخواست منظور کیجاوے بلکہ ہر دو نمونہای مستند کردہ ہم دو شخصوں کی معرفت علیحدہ علیحدہ تیار کراوینگے جسکا کام عمدہ اور مضبوط اور کفایت سے ہوگا اوسکو ٹھیکہ دیا جاویگا اور یہ کام حال کے موسم سرما میں ختم ہونا چاہیے ۔ لہذا حکم ہوا کہ یہ روبکار درج گزٹ ہو اور صدر قانونگوی کوئی اچھا ایماندار آدمی اس کام کے ٹھیکہ کے واسطے ہم پونہچا ئین ۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع یکم نومبر سنہ ۱۸۹۰ع

قبل اسکے متواتر احکام تحصیلداروں کے نام انتظام رسد رسانی فراہمی مزدوران و اعانت ہر قسم نسبت اہالیان پیمائش جاری ہوچکے ہیں اب مکرر تاکید الکہا جاتا ہی کہ جوقت پیمائش کشتوار ہو رہی ہے تحصیلدار لوگ خوب تاکید و بندوبست ہر قسم کی اعانت کا کرین ۔ سب لوگ گاؤن کے اہالیان پیمائش کے ساتھ پیمائش وغیرہ میں کیوقت رہا کرین ۔ صرف تعلقدار یا دو ایک پدہانون کی موجودگی کافی نہیں سارے گاؤن کا حال ایک پدہان کو معلوم نہیں ہوسکتا ۔ بعض بعض جگہ سے شکایت کمی اعانت کی بہی مسموع ہوتی ہی ۔ تحصیلدارونکو زیادہ توجہ درکار ہی پہلو تہی اعانت کار پیمائش میں باعث ناخوشی ہی ۔

حکم ہوا کہ

روبکار درج گزٹ ہو ۔ پروانجات متعلق بنام تحصیلداران جاری ہون ۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع یکم نومبر سنہ ۱۸۹۰ع

عرضی تحصیلدار بلاسپور مورخہ ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ع ملاحظہ ہوئی بہت افسوس معلوم ہوتا ہی کہ تحصیلداران سابق نے زرخیتان بطریق قرض نیلام کے ماجرہ ۱۲ ابتک آٹھہ سات مہینہ سے وصول طلب باقی ہین معلوم ہوتا ہی کہ کوئی رقم بڑی نہیں ہی چار چار آنہ اور آٹھہ آٹھہ آنہ اور ایک ایک روپیہ ہین اور یہ بہی بہت افسوس ہوا کہ ابراہیم خان منصرم سابق تحصیل نے جناب سکرتری مینوسپل کمیٹی کے ہین دو روپیہ کی لکڑی اپنے واسطے دوسرے نام سے لیکر ابتک روپیہ جمع نہیں کرایا ۔

حکم ہوا کہ

ابراہیم خان سے بابت اس بیجا کارروائی کے جواب طلب ہو اور صاحبزادہ محمد سعادت یار خان کو لکہا جاوے کہ پہلی رقم جلد سیاہہ کرکے رپورٹ کرین اور روبکار ہذا کی نقل واسطے عبرت ملازمان گزٹ میں چہاپ دیجاوے

بحکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

سرکلر

نمبر ۱۴۴ - ۱۷ اکتوبر ۱۸۹۰ء

اکثر ٹکٹ طلبانہ قبل چسپاں ہونیکے تراشا جاتا ہے اوس سے احتمال ہے کہ مستعمل ٹکٹ کام مین لائے جاتے ہین لہذا آیندہ قاعدہ مقرر کیا جاتا ہے کہ سالم ٹکٹ عرضی دعوے پر چسپاں ہوکر اجلاس متعلق مین پیش ہوا کرین - اور پیشکار یا سررشتہ دار اجلاس اوس ٹکٹ کو تراش سے (جو ہر اجلاس اور عدالت مین اسی غرض سے موجود رہتا ہے) خود کاٹ دین - اور اوس پر اپنے دستخط ثبت کر دین - اس سرکلر کی پابندی تاریخ انطباع گزٹ سے لازمی ہوگی -

المشتہر حسب الحکم

محمد احمد سررشتہ دار صدر

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۴ر لغایت ۱۰ر نومبر سنہ ۹۰ء

نام مقامات	پیدائش مرد ہندو	پیدائش مرد مسلمان	پیدائش عورت ہندو	پیدائش عورت مسلمان	میزان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل عمر ۱ - ۵ مرد	تفصیل عمر ۱ - ۵ عورت	تفصیل عمر ۶ و ۱۲ مرد	تفصیل عمر ۶ و ۱۲ عورت	تفصیل عمر ۱۳ اور زیادہ مرد	تفصیل عمر ۱۳ اور زیادہ عورت	میزان مرد و عورت مرد	میزان مرد و عورت عورت	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل مذہب مسلمان	کیفیت
شہر رامپور	۲	۱۵	۱	۱۱	۲۹	۳	۲۶	۵	ـ	۲	۱	۵	۵	۱۲	۱۳	۱	۲۴	
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل مذا سے نقشہ نہین آیا -
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
سوار	۶	۷	۵	۶	۲۴	۱۳	۱۱	۴	۲	۳	۵	۸	۴	۱۵	۱۱	۱۲	۱۴	ـ
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل مذا سے نقشہ نہین آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	″
میزان	۸	۲۲	۶	۱۷	۵۳	۱۶	۳۷	۹	۹	۵	۶	۱۳	۹	۲۷	۲۴	۱۳	۲۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس مقبوضات ملکہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۱۰ نومبر ۱۸۹۰ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۱۰۱ر	۰	۰	۱۱۰۱ر	۱۲۱ر	۱۱۱ر	تحصیل شاہ آباد و ملک سے نقشے نہیں آئے۔
نخود خالص	۱۴۰۱ر	۰	۰	۱۵۱ر	۱۴۰۱ر	۱۳۱ر	
نخود گندم آمیز	۱۵۱ر	۰	۰	۱۶۱ر	۱۵۰۱ر	۰	
کسہ	۱۵۱ر	۰	۰	۰	۰	۱۵۱ر	
ماش	۱۱۰۱ر	۰	۰	۰	۱۱۱ر	۱۲۱ر	
مونگ	۱۱۰۱ر	۰	۰	۰	۰	۱۱۱ر	
مکا	۱۵۰۱ر	۰	۰	۰	۱۶۱ر	۰	
سنجے	۱۵۱ر	۰	۰	۱۶۱ر	۱۷۱ر	۱۶۱ر	
گوبجے	۱۳۱ر	۰	۰	۱۴۰۱ر	۱۶۱ر	۱۴۰۱ر	
عدس	۱۲۱ر	۰	۰	۰	۱۷۱ر	۱۲۱ر	
ارہر	۱۵۱ر	۰	۰	۰	۱۵۱ر	۱۶۱ر	
برنج	۱۱۱ر	۰	۰	۱۱۰۱ر	۱۱۰۱ر	۱۲۱ر	
روغن زرد	۱۰۲ر	۰	۰	۱۱۱۱ر	۲۱ر	۱۱۱۱ر	
روغن سیاه	۲۰۱ر	۰	۰	۰	۲۱ر	۳۱ر	
روغن کنجد	۲۰۱ر	۰		۰	۰	۲ر	
نمک سانبھر	۷۰۸ر	۰	۰	۸۱ر	۸۱ر	۸۱ر	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۷۱ر	۶۱ر	
قند سیاه	۷۱ر	۰	۰	۵۰۱ر	۶۱ر	۷۱ر	

حسب الحکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

اعلان

میلہ بینظیر میں ۱۰ دسمبر ۱۸۹۰ء روز چہارشنبہ کو نیلام مساجری دکانات ہوگا۔ لازم ہے کہ خریداران جمع ہوں اور بولی بولیں۔

المشتہر حسب الحکم
محمد احمد سررشتہ دار ریونیو
مرقوم ۲۹ اکتوبر ۱۸۹۰ء

مطبع سرکار ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا